سورۃ العادیات (100)

(مکی – کل آیات 11)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالۡعَادِیَاتِ ضَبۡحًا (1)

ان گھوڑوں کی قسم جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں۔

فَالۡمُوۡرِیَاتِ قَدۡحًا (2)

پھر (پتھر پر) ٹاپ مار کر آگ جھاڑتے ہیں۔

فَالۡمُغِیۡرَاتِ صُبۡحًا (3)

پھر صبح کے وقت دھاوا کرتے ہیں۔

فَاَثَرۡنَ بِہٖ نَقۡعًا (4)

پھر اس وقت غبار اُڑاتے ہیں۔

فَوَسَطۡنَ بِہٖ جَمۡعًا (5)

پھر اس وقت دشمنوں کی جماعت میں جا گھستے ہیں۔

اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوۡدٌ (6)

بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔

وَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیۡدٌ (7)

اور بے شک وہ اس بات پر خود شاہد ہے۔

وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ (8)

اور بے شک وہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہے۔

اَفَلَا يَعۡلَمُ اِذَا بُعۡثِرَ مَا فِى الۡقُبُوۡرِ (9)

پس کیا وہ نہیں جانتا جب اکھاڑا جائے گا جو کچھ قبروں میں ہے۔

وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوۡرِ (10)

اور جو دلوں میں ہے وہ ظاہر کیا جائے گا۔

اِنَّ رَبَّهُمۡ بِهِمۡ يَوۡمَٮِٕذٍ لَّخَبِيۡرٌ (11)

بے شک ان کا رب ان سے اس دن خوب خبردار ہوگا۔